کو انسانوں تک زیادہ بہتر طریق سے پہنچایا جا سکتا ہے۔ مؤلف نے بجا طور پر انسانوں کی خدمت کو عبادت قرار دیا ہے۔ (جب کہ مطلوب اطاعتِ الٰہی اور حصولِ رضائے الٰہی ہو)۔

عمری صاحب کی کتاب میں خدمتِ خلق کے ہر پہلو کو نمایاں کیا گیا ہے۔ خدمت کا مرتبہ، خدمت کے مستحقین، خدمت کے طریقے، بعض متعین پہلو، رفاہی خدمات، خدمتی ادارے اور تنظیمیں، حقوق کی فطری ترتیب اور اُن کی رُوح اخلاص جیسے موضوعات پر گفتگو کرتے ہوئے مولانا سید جلال الدین عمری صاحب نے قرآنِ پاک کی آیات، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث، صحابہ و دیگر اکابرین کے مقولات یا معمولات کے ذکر سے دلائل اور مثالیں اخذ کی ہیں۔

ایک نظر انداز شدہ اہم موضوع پر مصنف نے کتاب لکھ کر بڑی نیکی کی ہے۔ خدا نوجوان قوتوں کو اس مہم کو اور آگے بڑھا لے جانے کی ہمت دے۔

---

**اقلیتوں کے تعلیمی حقوق اور مسائل** تصنیف: پروفیسر اکبر رحمانی۔ ناشر: ایجوکیشنل اکادمی اسلام پورہ۔ جلگاؤں ۰۰۱ ۴۲۵ (بھارت)۔ صفحات ۱۷۶۔ قیمت: ۴۰ روپے

اکبر رحمانی صاحب مدیر ماہنامہ" آموزگار" نے بھارت میں تعلیم و تدریس کے سلسلے میں بڑی گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ اسی سلسلے میں یہ کتاب بھارتی سماج کے تناظر میں اقلیتوں کے تعلیمی حقوق سے متعلق ہے۔ اس میں وہاں کے دستور و قانون میں اقلیتوں کو جو حقوق حاصل ہیں۔ ان کا تذکرہ ہے اور جو سرکاری تعلیمی پالیسیاں وقتاً فوقتاً وہاں نافذ ہوتی رہی ہیں ان کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ بھارت میں اقلیتوں کو جن تعلیمی مسائل سے سابقہ درپیش ہے، ان کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ بالخصوص مسلم اقلیت کے تعلیمی اُمور و مسائل پر اور اُردو زبان کے تحفظ کے بارے میں مفصل بحث درج ہے اور اس سلسلے میں مفید اور قابلِ عمل تجاویز و مشورے بھی دیئے گئے ہیں۔ اپنے موضوع پر نہایت مفید، اہم اور معلوماتی کتاب ہے۔

---